ہفتہ وار رسالہ: 368
WEEKLY BOOKLET:368

# اربعینِ عطّار

قسط: 2

صفحات: 40

امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ کے قلمِ مبارک سے لکھی ہوئی
درودِ پاک کے فضائل پر مشتمل احادیثِ کریمہ





شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرت علامہ مولانا ابو بلال
محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

پیشکش:
المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

## کتاب پڑھنے کی دعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دعا پڑھ لیجئے
ان شاءاللہ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ
عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

(مستطرف،1/40)

(اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے)


| | | |
|---|---|---|
| نام رسالہ | : | اربعینِ عطّار (قسط:2) |
| مؤلف | : | شیخ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی، حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ |
| پہلی بار | : | صفر المظفر ۱۴۴۶ھ، اگست 2024ء |
| تعداد | : | 40000 (چالیس ہزار) |
| ناشر | : | مکتبۃ المدینہ، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، کراچی۔ |


التجا


کسی اور کو یہ رسالہ چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔


کتاب کی طباعت میں نمایاں خرابی ہو یا صفحات کم ہوں یا بائنڈنگ میں آگے پیچھے ہو گئے ہوں
تو مکتبۃ المدینہ سے رجوع کیجئے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن ط

# پہلے اِسے پڑھیں

**دُعائے عطار:** یاربِّ مصطفےٰ! جو کوئی 40 صفحات کا رسالہ ”اَربعینِ عطّار (قسط:2)“ پڑھ یا سُن لے اُسے چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے ہر وقت دُرود و سلام پڑھنے کی توفیق عطا فرما اور اُسے ماں باپ سمیت بے حساب بخش دے۔

اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم

## جس دروازے سے چاہو جنّت میں داخل ہو جاؤ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: میری اُمّت کے لیے جس نے 40 حدیثیں یاد کیں جن کے ذریعے اللہ پاک اُنہیں نفع عطا فرمائے تو اُس سے کہا جائے گا: ”جنّت کے جس دروازے سے چاہو داخل ہو جاؤ۔“

(العلل المتناہیہ لابن جوزی، 1/119، حدیث:162)

ایک اور حدیثِ پاک میں ہے کہ اللہ پاک کے پیارے پیارے آخری نبی، مکی مَدَنی، محمدِ عربی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص میری اُمّت تک پہنچانے کے لیے دین کے مُتعلِّق **”چالیس حدیثیں“** یاد کرلے گا تو اللہ پاک اُسے قیامت کے دِن عالِمِ دین کی حیثیت سے اُٹھائے گا اور قیامت کے دن مَیں اُس کی **شفاعت** کروں گا اور اس کے حق میں گواہ ہوں گا۔ (مشکاۃ المصابیح، 1/68، حدیث:258)

## چالیس احادیث ہی کیوں؟

حضرتِ شیخ عبدُ الحق محدّثِ دِہلوِی رحمۃُ اللہِ علیہ اس حدیثِ پاک کی شرح میں لکھتے ہیں: علمائے کرام فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے اس ارشاد سے مُراد لوگوں تک چالیس احادیث پہنچانا ہے، چاہے وہ یاد نہ ہوں اور نہ ہی اُن کا معنٰی اُسے معلوم ہو۔ اِسی حدیثِ پاک کی وجہ سے پہلے کے کئی بڑے بڑے علمائے کرام نے پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شفاعت کا اُمّید وار بننے اور لوگوں کو بنانے کے لئے اَرْبَعِینَات (یعنی چالیس احادیث) تحریر فرمائیں۔ شیخ عبدُ الحق محدّث دِہلوِی رحمۃُ اللہِ علیہ اپنے بارے میں عاجزی و اِنکسار کرتے ہوئے لکھتے ہیں: فقیر حقیر نے بھی **”چہل (یعنی چالیس) احادیث“** کا ایک مجموعہ تالیف کیا ہے۔ علمِ حدیث کی خدمت اور تدریس کے بعد سب سے پہلے مجھے جس تالیف کی توفیق عطا ہوئی وہ **”اربعین“** (یعنی چالیس حدیثیں) ہے۔ (اشعۃ اللمعات (اردو)، 1/517 ملخصاً)

## دُرودوسلام کے مُتعلّق اربعینِ عطّار (قسط:2) لکھنے کی وجہ

اے عاشقانِ رسول: چالیس احادیث پہنچانے کی یہ فضیلت پانے کے لئے صدیوں سے علمائے کرام (کَثَّرَھُمُ اللہُ یعنی اللہ پاک اِن کی تعداد خوب بڑھائے) چالیس احادیث لکھتے چلے آئے ہیں۔ امیرِ اہلِ سنّت حضرتِ علّامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت بَرَکَاتُہمُ العالیہ کے قلم سے لکھی ہوئی چالیس احادیث بنام ”اَربعینِ عطّار (قسط:1)“ پچھلے سال ربیع الاوّل شریف 1445 ہجری مُطابِق ستمبر 2023 کے پُر مُسرّت (یعنی خوشیوں بھرے) لمحات میں منظرِ عام پر آئی۔

اللہ پاک کی رحمت اور اُس کے پیارے پیارے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے کرم سے اُسے کافی مقبولیت اور عاشقانِ رسول کی طرف سے پذیرائی ملی، دیکھتے ہی دیکھتے 30 ہزار کی تعداد میں چھپنے والی یہ کتاب مکتبۃُ المدینہ پر ختم ہوگئی۔ لاکھوں عاشقانِ رسول نے اس کی PDF سے فائدہ اُٹھایا اور مُطالعہ کیا۔ تقریباً 50 ہزار سے بھی زیادہ اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں نے یہ چالیس احادیث زبانی یاد کرلیں جس پر امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکَاتُہمُ العالیہ نے انہی دِنوں ہونے والے ایک مدنی مذاکرے میں فرمایا کہ **”میری زندگی کا یہ پہلا ایسا رسالہ ہے جسے یوں عاشقانِ رسول نے زبانی یاد کیا ہے۔“** اِن شاءَ اللہُ الکریم! آئندہ سال ربیع الاوّل شریف 1446 ہجری میں دُرودوسلام کے متعلق اربعینِ عطّار (قسط:2) لانے کی کوشش کی جائے گی۔

## اربعینِ عطّار (قسط:2) کیسے لکھی گئی؟


اللہ پاک کے پیارے پیارے سب سے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر دُرود وسلام پڑھنا ہمارے دل کا سُرور اور آنکھوں کا نور ہے، دُرودوسلام کے بے شمار فضائل و برکات ہیں۔ اَلحمدُ لِلّٰہ! ثُمَّ اَلحمدُ لِلّٰہ! امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکَاتُہمُ العالیہ کی پچھلے سال کی نیّت اور ہدف مکمل ہوا اور اربعینِ عطّار (قسط:2) آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یوں تو دُرودوسلام کے فضائل پر مشتمل امیرِ اہلِ سنّت کا ایک رسالہ بنام ”ضیائے درودوسلام“ کئی سال پہلے مکتبۃُ المدینہ سے پرنٹ ہوچکا ہے مگر اربعینِ عطّار (قسط:2) میں موجود احادیثِ مبارکہ اُس کے علاوہ ہیں۔ امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکَاتُہمُ العالیہ نے پچھلے سال ربیعُ الاوّل شریف ہی سے اِس کام کو کرنے کا ارادہ فرمالیا تھا پھر جب جب موقع ملتا رہا آپ اپنے قلم سے وقتاً فوقتاً احادیثِ مبارکہ لکھ کر عنایت فرماتے رہے، جِسے مخطوط (Original Hand writing) اور کمپوزنگ میں جمع کرکے دعوتِ اسلامی کی مجلس المدینۃُ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر) کے شعبے **”ہفتہ وار رسالہ مطالعہ“** کی طرف سے اربعینِ عطّار (قسط:2) کی صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔ اس رسالے کی ایک خوبصورتی یہ بھی ہے کہ ہر صفحے پر موجود حدیثِ پاک کے نیچے دیئے گئے QR کوڈ کو

اِسکین کرنے سے آپ وہ حدیثِ پاک ویڈیو کی صورت میں امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ کی زبانی دیکھ اور سُن سکتے ہیں۔ مُبلّغین و مُبلّغات دُرود و سلام کے متعلق اِس اربعینِ عطّار (قسط:2) کو بھی زبانی یاد کریں گے تو اپنے بیانات وغیرہ میں ترغیب دلانے نیز دُرود و سلام سے اپنی زبانوں کو تَر رکھنے میں مدد ملے گی۔

اللہ پاک امیرِ اہلِ سنّت کو درازئ عمر بالخیر والعافیۃ عطا فرمائے اور آپ کا شفقتوں بھرا سایہ ہمارے سَروں پر خیر و عافیت کے ساتھ سلامت باکرامت رکھے۔ اللہ کریم! اپنے فضل و کرم سے اِس کتاب کو ہمارے پیر و مرشد امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ، آپ کے والدین اور جس جس نے اس کتاب پر کام کیا اُن سب کے لئے بے حساب بخشش اور شفاعتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا ذریعہ بنائے۔ اٰمین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلّم

شعبہ ہفتہ وار رسالہ مطالعہ

اربعینِ عطّار (قسط:2) مکمل دیکھنے اور سننے کیلئے اس QR CODE کو اسکین کریں۔




## گیارہ ہزار دُرود کا ثواب

حضرتِ امام حافظ جلالُ الدّین السُّیوطی الشافعی رحمۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا: اس دُرود پاک کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ دُرود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ (اَفْضَلُ الصَّلَوَاتِ عَلٰی سَیِّدِ السَّادات، ص 153)

اللہ

# مسجد میں آتے جاتے بارگاہِ رسالت میں سلام

اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلْيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلْيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ بَاعِدْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخِل ہو تو نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر سلام بھیجے اور یوں عرض کرے: اے اللہ پاک! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔ اور جب مسجد سے نکلے، تو بھی نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر سلام بھیجے اور یوں عرض کرے: اے اللہ پاک! مجھے شیطان سے دور فرما۔“ (سنن کبریٰ للنسائی، 6/ 27، حدیث: 9918)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جب تم میں سے کوئی مسجِد میں داخِل ہو تو نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) پر سلام بھیجے اور یوں عرض کرے: اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ (یعنی: اے اللہ پاک! میرے لئے اپنی رَحمت کے دروازے کھول دے۔) اور جب مسجِد سے نکلے تو بھی نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر سلام بھیجے اور یوں عرض کرے:

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْنِیْ مِنَ الشَّیْطٰنِ

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علیٰ محمّد

۱۴۴۵ھ 8-6-24



اللہ

# مجھ پر دُرودِ پاک بھیجو

صَلُّوا عَلَیَّ وَاجْتَهِدُوْا فِی الدُّعَاءِ وَقُوْلُوْا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم:

مجھ پر درودِ پاک بھیجو اور دُعا میں خوب کوشش کرو اور کہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

(نسائی، ص 221 ، حدیث: 1289)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم: مجھ پر دُرودِ پاک بھیجو اور

دُعا میں خوب کوشش کرو۔ اور کہو: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

صَلُّوا علی الحبیب

صَلَّی اللّٰهُ علٰی محمَّد



SCAN ME

اللہ

# خیرات نہ کر سکنے والے کا دُرود شریف

اَيُّمَا رَجُلٍ مُّسْلِمٍ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهٗ صَدَقَةٌ فَلْيَقُلْ فِيْ دُعَائِهٖ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ فَاِنَّهَا زَكَاةٌ وَقَالَ: لَا يَشْبَعُ الْمُؤْمِنُ خَيْرًا حَتّٰى يَكُوْنَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةُ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس مسلمان کے پاس صدقہ کرنے کو کچھ نہ ہو اُسے چاہیئے کہ اپنی دعا میں یہ کہہ لیا کرے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔ تو یہ زکوٰۃ ہے اور مومن کبھی بھلائی سے سیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ جنّت اُس کا ٹھکانہ ہوتی ہے۔“ (صحیح ابن حبان، 2/130، حدیث:900)

شرحِ حدیث: جو شخص صَدَقہ کرنے پر قُدرت نہیں رکھتا اُس کا رسولِ پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے لئے اللہ پاک سے رَحمت کی دعا کرنا یعنی درودِ پاک بھیجنا اُس کے لئے صَدَقہ ہے۔ (السراج المنیر بشرح جامع الصغیر، 2/232 ماخوذاً)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم: جس مسلمان کے پاس صَدَقہ کرنے کو کچھ نہ ہو اُسے چاہیئے کہ اپنی دُعا میں یہ کہہ لیا کرے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔ تو یہ زکوٰۃ ہے اور مومن کبھی بھلائی سے سیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ جنّت اُس کا ٹھکانا ہوتی ہے۔

**شرحِ حدیث:** جو شخص صَدَقہ کرنے پر قُدرت نہیں رکھتا اُس کا رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے اللہ پاک سے رَحمت کی دعا کرنا یعنی دُرودِ پاک بھیجنا اُس کیلئے صَدَقہ ہے۔

SADAQAH




SCAN ME

اللّٰہ

# زمین پر گھومنے والے فرشتے

اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”زمین پر کچھ فرشتے گھومتے پھرتے ہیں جو میری اُمّت کا سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں۔“

(الاحسان بترتیب ابن حبان،2/134، حدیث:910)

فرمانِ مصطفٰے صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”زمین پر کچھ فرشتے گھومتے پھرتے ہیں جو میری اُمّت کا سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں۔“

محمد الیاس قادری

آپ عطّار کیوں پریشاں ہیں، بد سے بدتر بھی زیرِ داماں ہیں
اُن پہ رحمت وہ خاص کرتے ہیں، جو مسلماں سلام کہتے ہیں

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علٰی محمّد



SCAN ME

اللہ

# دعا میں دُرود شریف

## اِجْعَلُوْنِیْ فِیْ وَسْطِ الدُّعَاءِ وَفِیْ اَوَّلِہٖ وَفِیْ آخِرِہٖ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم: ”مجھے دُعا کے درمیان، شُروع اور آخر میں رکھو۔“

(مصنف عبدالرزاق، 2/141، حدیث: 850)

(یعنی تم مجھ پر اپنی دُعا کے شُروع میں، درمیان میں اور آخر میں دُرود بھیجو۔)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم:

”مجھے دعا کے درمیان، شروع اور آخر میں رکھو۔“

(یعنی تم مجھ پر دعا کے شروع میں درمیان میں اور آخر میں درود بھیجو)

۱۴۴۵ھ



SCAN ME

اللہ

## وضو کے بعد دُرُودِ پاک پڑھیے!

**لَا وُضُوءَ لِمَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم**

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”اُس کا وضو نہیں جو نبی (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) پر دُرودِ پاک نہ پڑھے۔“

(معجم کبیر، 6/121، حدیث: 5698)

شرح حدیث: علّامہ عبدُ الرَّؤف مُناوی رحمۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: اُس شخص کا وضو مکمل فضیلت والا نہیں جو وضو کے بعد نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر دُرودِ پاک نہ پڑھے۔ (التیسیر بشرح جامع الصغیر، 2/503)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم:
”اُس کا وضو نہیں جو نبی (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) پر درودِ پاک نہ پڑھے۔“

SCAN ME

اللہ

# دُرودِ پاک اور پُل صراط


اِنِّیْ رَاَیْتُ الْبَارِحَةَ عَجَبًا وَرَاَیْتُ رَجُلًا مِّنْ اُمَّتِیْ یَزْحَفُ عَلَی الصِّرَاطِ مَرَّةً وَیَجْثُوْ مَرَّةً
فَجَاءَتْهُ صَلَاتُهُ عَلَیَّ فَاَخَذَتْ بِیَدِهٖ فَاَقَامَتْهُ عَلَی الصِّرَاطِ حَتّٰی جَاوَزَ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”میں نے گزشتہ رات عجیب واقعہ دیکھا: میرا ایک اُمتی پُل صراط پر کبھی گِھسٹ کر اور کبھی گھٹنوں کے بل چل رہا تھا، اتنے میں وہ دُرود آیا جو اس نے مجھ پر بھیجا تھا، اُس نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اُسے پُل صراط پر کھڑا کر دیا یہاں تک کہ اُس نے پل صراط پار کر لیا۔“ (معجم کبیر، 25/ 282، حدیث: 39 ملتقطاً)

شرحِ حدیث: دُرودِ پاک اُسے پل صراط پار کروا کر جنّت میں لے گیا۔ (التیسیر بشرح جامع الصغیر، 1/ 370)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللّٰہ علیہ والہٖ وسلّم: ”میں نے گزشتہ رات عجیب واقعہ دیکھا: میرا ایک اُمّتی پُل صراط پر کبھی گِھسٹ کر اور کبھی گھٹنوں کے بل چل رہا تھا، اِتنے میں وہ دُرود آیا جو اُس نے مجھ پر بھیجا تھا، اُس نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اُسے پُل صراط پر کھڑا کر دیا یہاں تک کہ اُس نے پُل صراط پار کر لیا۔

شرحِ حدیث: دُرودِ پاک اُسے پل صراط پار کروا کر جنّت میں لے گیا۔




# دعا کی قبولیت کے زیادہ لائق

اِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّسْأَلَ، فَلْيَبْدَأْ بِالْمِدْحَةِ، وَالثَّنَاءِ عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ لِيَسْأَلْ بَعْدُ فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ يَّنْجَحَ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم: "جب تم میں سے کوئی دعا کرنے کا ارادہ کرے تو اسے چاہیے کہ اللہ پاک کی شان کے لائق اس کی تعریف کرے پھر نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود بھیجے پھر اس کے بعد دعا کرے کہ یہ دعا کی قبولیت کے زیادہ لائق ہے۔"

(معجم کبیر، 9/155، حدیث:8780)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم "جب تم میں سے کوئی دعا کرنے کا ارادہ کرے تو اسے چاہئے کہ اللہ پاک کی شان کے لائق اس کی تعریف کرے پھر نبی پر درود بھیجے پھر اس کے بعد دعا کرے کہ یہ دعا کی قبولیت کے زیادہ لائق ہے۔"



صلوا علی الحبیب

صلی اللہ علی محمد

اللہ

# دُعائے مصطفٰے اور 10 نیکیاں

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ بَلَغَتْنِيْ صَلَاتُهُ، وَصَلَّيْتُ عَلَيْهِ، وَكُتِبَتْ لَهُ سِوٰى ذٰلِكَ عَشْرُ حَسَنَاتٍ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: جس نے مجھ پر دُرودِ پاک پڑھا، اُس کا درودِ پاک مجھ تک پہنچے گا اور میں اُس پر دُرُود بھیجوں (یعنی دعائے رحمت کروں) گا اور اس کے علاوہ اُس کے لئے 10 نیکیاں لکھی جائیں گی۔ (معجم اوسط، 1/446، حدیث:1642)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: جس نے مجھ پر دُرودِ پاک پڑھا، اس کا دُرُودِ پاک مجھ تک پہنچے گا اور میں اُس پر دُرُود بھیجوں (یعنی دعائے رحمت کروں) گا اور اُس کے علاوہ اس کے لئے ۱۰ نیکیاں لکھی جائیں گی۔

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد



SCAN ME

اللہ

## یہ دُرود بندے کی قبر میں لے جاؤ!

مَا مِنْ عَبْدٍ يُصَلِّيْ عَلَيَّ صَلَاةً اِلَّا عَرَجَ بِهَا مَلَكٌ حَتّٰى يَجِيْءَ بِهَا وَجْهَ الرَّحْمٰنِ عَزَّوَجَلَّ
فَيَقُوْلُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ: اِذْهَبُوْا بِهَا اِلٰى قَبْرِ عَبْدِيْ تَسْتَغْفِرُ لِقَائِلِهَا وَتَقَرُّ بِهَا عَيْنُهٗ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جب کوئی بندہ مجھ پر دُرود شریف پڑھتا ہے تو فرشتہ اس دُرود شریف کو لے کر اوپر جاتا ہے اور اللہ پاک کی بارگاہ میں پہنچاتا ہے تو اللہ پاک فرماتا ہے: اس دُرود کو میرے بندے کی قبر میں لے جاؤ یہ دُرود اپنے پڑھنے والے کے لئے استغفار کرتا رہے گا اور اُس (خاص بندے) کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی رہیں گی اُسے دیکھ کر"

(الفردوس بماثور الخطاب، 4/ 10، حدیث: 6026)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللّٰہ علیہ واٰلہٖ وسلّم : جب کوئی بندہ مجھ پر دُرود شریف پڑھتا ہے تو فرشتہ اُس دُرود شریف کو لیکر اوپر جاتا ہے اور اللّٰہ پاک کی بارگاہ میں پہنچاتا ہے تو اللّٰہ پاک فرماتا ہے : اس دُرود کو میرے بندے کی قبر میں لے جاؤ یہ دُرود اپنے پڑھنے والے کے لئے اِستِغفار کرتا رہے گا اور اُس (خاص بندے) کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی رہیں گی اُسے دیکھ کر۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللّٰہ علیٰ محمد



اَللّٰہ

# شفاعت واجب ہوگئی

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ اَوْ سَأَلَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ حَقَّتْ عَلَيْهِ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے مجھ پر ایک بار دُرود شریف پڑھا یا اللہ پاک کی بارگاہ میں میرے لئے وسیلے کی دُعا کی بروزِ قیامت اُس پر میری شفاعت ثابت ہوگئی۔“

(فَضلُ الصَّلاۃِ عَلَی النَّبی لِلقَاضی اِسماعِیل بِن اِسحاق اَلاَزدِی، ص147، حدیث:50)



فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ”
جس نے مجھ پر ایک بار دُرود شریف پڑھا،
یا اللہ پاک کی بارگاہ میں میرے لیے وسیلے کی
دُعا کی بروزِ قیامت اُس پر میری شفاعت
ثابت ہوگئی۔“

محمد الیاس قادری

صلُّوا علی الحبیب
صلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

الله

# حوضِ کوثر پر پہچان

لَيَرِدَنَّ الْحَوْضَ عَلَىَّ اَقْوَامٌ مَا اَعْرِفُهُمْ اِلَّا بِكَثْرَةِ الصَّلَاةِ عَلَىَّ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”حوضِ کوثر پر مجھے ایسی قومیں ملیں گی جنہیں میں بہت زیادہ دُرودِ پاک پڑھنے کے سبب ہی پہچانوں گا۔“

(القول البدیع، ص264)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”حوضِ کوثر پر مجھے ایسی قومیں ملیں گی جنہیں میں بہت زیادہ دُرودِ پاک پڑھنے کے سبب ہی پہچانوں گا۔“

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب
صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّد




اللہ

# ایک غلام آزاد کیا

## مَنْ سَلَّمَ عَلَيَّ عَشْرًا فَكَأَنَّمَا أَعْتَقَ رَقَبَةً

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے مجھ پر دس (10) بار سلام بھیجا گویا اُس نے ایک گردن (یعنی غلام) کو آزاد کیا۔“ (الشفا، 2/76)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم: ”جس نے مجھ پر دس بار سلام بھیجا گویا اُس نے ایک گردن (یعنی غلام) کو آزاد کیا۔“



صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد






اللہ

# دُعا رَد نہیں کی جاتی

## اَلدُّعَاءُ بَیْنَ الصَّلَاتَیْنِ لَا یُرَدُّ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: دو(2) دُرودوں کے درمیان مانگی جانے والی دُعا رَد نہیں کی جاتی۔(الشفا،2/66)

فرمانِ آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ علیہ واٰلہٖ وسَلَّم:

اَلدُّعَاءُ بَیْنَ الصَّلَاتَیْنِ لَا یُرَدُّ۔

یعنی: دو دُرودوں کے درمیان مانگی جانے والی دُعا رَد نہیں کی جاتی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب
صَلَّی اللّٰہُ علٰی محمّد



اللہ

# آگ میں داخل نہیں ہوگا

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ لَمْ یَلِجِ النَّارَ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جو مجھ پر دُرودِ پاک بھیجے گا وہ آگ میں داخِل نہ ہو گا۔“ (بستان الواعظین لابن جوزی، ص 418)


فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ والہٖ وسلّم:

مَنْ صلّٰی عَلَیَّ لَمْ یَلِجِ النَّار۔

یعنی: ”جو مجھ پر دُرودِ پاک بھیجے گا وہ آگ میں داخِل نہ ہوگا۔“

صلّوا علی الحبیب

صلّی اللہُ علٰی محمّد



اللہ



# دِل روشن ہو

## مَنْ اَکْثَرَ الصَّلَاۃَ عَلَیَّ نَوَّرَ اللہُ قَلْبَہٗ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جو مجھ پر بہت زیادہ دُرود شریف پڑھے گا اللہ پاک اُس کا دِل روشن فرمادے گا۔“ (بستان الواعظین لابن جوزی، ص 405)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم :

”جو مجھ پر بہت زیادہ دُرود شریف پڑھے گا اللہ پاک اُس کا دل روشن فرمادے گا۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمّد

# جہنّم سے 500 برس دُور

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِائَۃَ مَرَّۃٍ تَزَحْزَحَتِ النَّارُ عَنْہُ مَسِیْرَۃَ خَمْسِمِائَۃِ عَامٍ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے مجھ پر ایک سو (100) مرتبہ دُرود شریف پڑھے وہ جہنّم سے 500 بَرَس کی مَسافت (یعنی فاصلے کے برابر) دور کر دیا جائے گا۔“ (بستان الواعظین لابن جوزی، ص 411)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”جس نے مجھ پر ایک سو ۱۰۰ مرتبہ دُرود شریف پڑھے وہ جہنّم سے 500 برس کی مسافت (یعنی فاصلے کے برابر) دور کر دیا جائے گا۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علیٰ محمّد



اللہ

# مُصیبتیں دُور ہونے کا عمل

**مَنْ عَسُرَ عَلَیْہِ شَیْءٌ فَلْیُکْثِرْ مِنَ الصَّلَاۃِ عَلَیَّ فَاِنَّہَا تَحُلُّ الْعُقَدَ وَتَکْشِفُ الْکُرَبَ**

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”جسے کوئی مُشکل پیش آئے اُسے مجھ پر کثرت سے دُرُود شریف پڑھنے چاہئیں کیوں کہ مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا مُصیبَتوں کو ٹالنے والا ہے۔“

(بستان الواعظین لابن جوزی، ص 411)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم: ”جسے کوئی مشکل پیش آئے اُسے مجھ پر کثرت سے دُرُود شریف پڑھنے چاہئیں کیوں کہ مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا مُصیبتوں کو ٹالنے والا ہے۔“

اگر بلاؤں نے گھیرا ہے تو دُرُود پڑھو
مُصیبتوں کا جو ڈیرا ہے تو دُرُود پڑھو

محمد الیاس قادری
۹ محرم الحرام ۱۴۴۶ھ
۱۵-۷-۲۴

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمد





# حرم کی 10 نیکیاں

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ اُمَّتِیْ کُتِبَتْ لَہٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ مِّنْ حَسَنَاتِ الْحَرَمِ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا حَسَنَاتُ الْحَرَمِ؟ قَالَ: اَلْحَسَنَۃُ بِسَبْعِمِائَۃِ حَسَنَۃٍ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”میرا جو اُمّتی مجھ پر ایک بار دُرودِ پاک پڑھتا ہے اُس کے لئے حَرَم کی نیکیوں میں سے دس (10) نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔“ عرض کی گئی: یارسولَ اللہ! (صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم) حرم کی نیکیاں کیا ہیں؟ فرمایا: ”حرم کی ایک نیکی سات سو (700) نیکیوں کے برابر ہے۔“

(بستان الواعظین لابن جوزی، 397)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ وَاٰلہٖ وسلّم: ”میرا جو اُمّتی مجھ پر ایک بار دُرودِ پاک پڑھتا ہے اُس کے لئے حَرَم کی نیکیوں میں سے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔“ عرض کی گئی: یارسولَ اللہ! (صلّی اللہُ علیہ وَاٰلہٖ وسلّم) حرم کی نیکیاں کیا ہیں؟ فرمایا: ”حرم کی ایک نیکی سات سو (۷۰۰) نیکیوں کے برابر ہے۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علیٰ محمّد

اللہ

# سب کو اچّھے انداز میں جواب دیا جاتا ہے

مَا مِنْ مُسْلِمٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ فِیْ شَرْقٍ وَلَا غَرْبٍ اِلَّا اللہُ وَمَلَائِکَتُہٗ یَرُدُّ عَلَیْہِ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”مشرِق و مغرِب میں جو مسلمان مجھ پر سلام بھیجے، اللہ پاک اور اُس کے فرشتے اُسے اُس سے اچھے انداز میں جواب عطا فرماتے ہیں۔“

(لِسانُ الْمِیزان لِابْنِ حَجَر عَسْقَلانی، 341/5)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”مشرِق و مغرِب میں جو مسلمان مجھ پر سلام بھیجے، اللہ پاک اور اُس کے فرشتے اُسے اُس سے اچّھے انداز میں جواب عطا فرماتے ہیں۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمّد





اللہ

# 1000 DUROOD E PAK

## ہزار بار دُرودِ پاک پڑھنے کی فضیلت

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ اَلْفًا زَاحَمَتْ کَتِفُهٗ کَتِفِیْ عَلٰی بَابِ الْجَنَّةِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جو مجھ پر ہزار بار دُرودِ پاک بھیجتا ہے جنّت کے دروازے پر وہ میرے کندھے کے ساتھ کندھا مِلائے ہو گا۔ (القول البدیع، ص242)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم: "جو مجھ پر ہزار بار دُرودِ پاک بھیجتا ہے جنّت کے دروازے پر وہ میرے کندھے کے ساتھ کندھا مِلائے ہوگا۔"

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمّد




SCAN ME

اللہ

# فرشتہ قیامت تک دُرود بھیجتا ہے

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً تَعْظِیْمًا لِحَقِّیْ جَعَلَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ تِلْكَ الْکَلِمَةِ مَلَکًا جَنَاحٌ لَہٗ فِی الْمَشْرِقِ وَجَنَاحٌ لَہٗ فِی الْمَغْرِبِ، وَرِجْلَاہُ فِیْ تُخُوْمِ الْاَرْضِ وَعُنُقُہٗ مَلْوِیٌّ تَحْتَ الْعَرْشِ فَیَقُوْلُ اللہُ عَزَّوَجَلَّ لَہٗ: صَلِّ عَلٰی عَبْدِیْ کَمَا صَلّٰی عَلٰی نَبِیِّیْ فَھُوَ یُصَلِّیْ عَلَیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جو میرے حق کی تعظیم کرتے ہوئے مجھ پر درود بھیجتا ہے، اللہ پاک اس سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے جس کا ایک بازو مشرِق میں، دوسرا مغرِب میں، دونوں پاؤں ساتوِیں زمین میں اور گردن عرش کے نیچے ہوتی ہے، اللہ پاک اُسے فرماتا ہے: تم میرے بندے پر اسی طرح درود بھیجو جس طرح اس نے میرے نبی پر بھیجا۔ پس وہ فرشتہ تا قیامت اس بندے پر درود بھیجتا رہے گا۔“ (الترغیب لابن شاہین، ص 14)



فرمانِ آخری نبی صلَّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ”جو میرے حق کی تعظیم کرتے ہوئے مجھ پر دُرود بھیجتا ہے اللہ پاک اُس سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے جس کا ایک بازو مشرِق میں، دوسرا مغرب میں دونوں پاؤں ساتویں زمین میں اور گردن عرش کے نیچے ہوتی ہے، اللہ پاک اُسے فرماتا ہے تم میرے بندے پر اسی طرح دُرود بھیجو جس طرح اس نے میرے نبی پر بھیجا۔ پس فرشتہ تا قیامت اُس بندے پر دُرود بھیجتا رہے گا۔“

محمد الیاس عطار قادری
ربیع الآخر ۱۴۴۵ھ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب
صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

# ثواب ختم نہ ہوگا

مَنْ كَتَبَ عَنِّيْ عِلْمًا فَكَتَبَ مَعَهُ صَلَاةً عَلَيَّ
لَمْ يَزَلْ فِيْ أَجْرٍ مَّا قُرِئَ ذٰلِكَ الْكِتَابُ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے میری طرف سے کوئی حدیث لکھی اور اس کے ساتھ مجھ پر دُرودِ پاک بھی لکھا تو جب تک وہ حدیث شریف پڑھی جاتی رہے گی دُرود شریف لکھنے والے کو ثواب مِلتا رہے گا۔“ (القول البدیع، ص 461)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم:
” جس نے میری طرف سے کوئی حدیث لکھی اور اس کے ساتھ مجھ پر
دُرودِ پاک بھی لکھا تو جب تک وہ حدیث شریف پڑھی جاتی رہے گی
دُرود شریف لکھنے والے کو ثواب ملتا رہے گا۔“

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد

اللّٰہ

# بُھولی بات یاد آجائے

اِذَا نَسِيْتُمْ شَيْئًا فَصَلُّوْا عَلَيَّ تَذْكُرُوْهُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم:

"جب تم کوئی چیز بھول جاؤ تو مجھ پر درودِ پاک پڑھو

اِن شاءَ اللّٰہُ تعالٰی وہ بات یاد آجائے گی۔" (القول البدیع، ص427)

فرمانِ آخری نبی صلی اللّٰہ علیہ واٰلہٖ وسلّم:

"جب تم کوئی چیز بھول جاؤ تو مجھ پر دُرودِ پاک پڑھو

ان شاءاللّٰہ تعالٰی وہ بات یاد آجائے گی۔"

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب

صَلَّی اللّٰہُ علٰی محمّد


اللہ

# ہر بَرَکت سے محروم وخالی

كُلُّ كَلَامٍ لَا يُذْكَرُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْهِ فَيُبْدَاُ بِهٖ وَبِالصَّلَاةِ عَلَيَّ فَهُوَ مَمْحُوْقٌ مِّنْ كُلِّ بَرَكَةٍ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”ہر وہ بات جو اللہ پاک کے ذِکْر اور مجھ پر دُرود بھیجے بِغیر شروع کی گئی وہ ہر برکت سے محروم وخالی ہے۔“ (القول البدیع، ص454)

فرمانِ آخری نبی صلَّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ”ہر وہ بات جو اللہ پاک کے ذِکْر اور مجھ پر دُرود بھیجے بِغیر شُروع کی گئی وہ ہر برکت سے محروم وخالی ہے۔“



صَلُّوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد



اللہ

# غربت دُور ہو

## كَثْرَةُ الذِّكْرِ وَالصَّلَاةُ عَلَيَّ تَنْفِي الْفَقْرَ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”اللہ پاک کا کثرت سے ذِکر کرنا اور مجھ پر دُرُود شریف پڑھنا غُربت دُور کرتا ہے۔“ (القول البدیع، ص273)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”اللہ پاک کا کثرت سے ذکر کرنا اور مجھ پر دُرُود شریف پڑھنا غُربت دُور کرتا ہے۔“

صلّوا على الحبیب
صلّى اللہ على محمّد



SCAN ME



اللّٰہ

# دُعا کی حفاظت کا ذریعہ

صَلَاتُکُمْ عَلَیَّ مُحْرِزَۃٌ لِّدُعَائِکُمْ وَمَرْضَاۃٌ لِّرَبِّکُمْ وَزَکَاۃٌ لِّاَعْمَالِکُمْ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”تمہارا مجھ پر دُرودِ پاک پڑھنا تمہاری دُعاؤں کی حفاظت کرنے والا اور تمہارے ربِّ پاک کی رضا کا باعث اور تمہارے اعمال کی پاکیزگی کا سبب ہے۔ (القول البدیع، ص270)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللّٰہ علیہ والہٖ وسلَّم: ”تمہارا مجھ پر دُرود پاک پڑھنا تمہاری دُعاؤں کی حِفاظت کرنے والا اور تمہارے ربِّ پاک کی رضا کا باعِث اور تمہارے اَعمال کی پاکیزگی کا سبب ہے۔“

صلُّوا علَی الحبیب
صلَّی اللّٰہ علیٰ محمّد



الله

# بہت بڑا فرشتہ

اِنَّ لِلّٰہِ مَلَکًا لَہٗ جَنَاحَانِ اَحَدُھُمَا بِالْمَشْرِقِ وَالْاٰخَرُ بِالْمَغْرِبِ فَاِذَا صَلَّی الْعَبْدُ عَلَیَّ حُبًّا انْغَمَسَ فِی الْمَاءِ ثُمَّ یَنْتَفِضُ فَیَخْلُقُ اللہُ مِنْ کُلِّ قَطْرَۃٍ مِّنْہُ مَلَکًا یَسْتَغْفِرُ لِذٰلِکَ الْمُصَلِّیْ عَلَیَّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”اللہ پاک کا ایک فِرِشتہ ہے کہ اُس کا ایک بازو مشرِق میں اور دوسرا مغرِب میں ہے۔ جب کوئی شخص مجھ پر مَحَبَّت کے ساتھ دُرُود بھیجتا ہے وہ فِرِشتہ پانی میں غوطہ لگا کر اپنے پَر جھاڑتا ہے، اللہ پاک اُس کے پروں سے ٹپکنے والے ہر ہر قطرے سے ایک ایک فِرِشتہ پیدا کرتا ہے وہ فِرِشتے قِیامت تک اُس دُرُود پڑھنے والے کے لئے اِستغفار (یعنی دعائے مغفرت) کرتے ہیں۔“

(القول البدیع، ص 251)

فرمانِ آخری نبی صلَّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ”اللہ پاک کا ایک فرشتہ ہے کہ اُس کا ایک بازو مشرِق میں اور دوسرا مغرب میں ہے، جب کوئی شخص مجھ پر مَحَبَّت کے ساتھ درود بھیجتا ہے وہ فرشتہ پانی میں غوطہ لگا کر اپنے پر جھاڑتا ہے، اللہ پاک اُس کے پروں سے ٹپکنے والے ہر ہر قطرے سے ایک ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے، وہ فرشتے قیامت تک اُس دُرُود پڑھنے والے کے لئے اِستِغفار (یعنی دعائے مغفرت) کرتے ہیں۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمّد

SCAN ME

اللّٰہ

# عجیب وغریب پرندہ

مَنۡ عَطَسَ فَقَالَ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ مِنۡ حَالٍ وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَھۡلِ بَیۡتِہٖ اَخۡرَجَ اللّٰہُ مِنۡ مَّنۡخِرِہِ الۡاَیۡسَرِ طَائِرًا یَقُوۡلُ اللّٰھُمَّ اغۡفِرۡ لِقَائِلِھَا

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جس نے چھینک آنے پر یہ کہا:

”اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ مِنۡ حَالٍ وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَھۡلِ بَیۡتِہٖ“

تو اللہ پاک اُس کے بائیں نتھنے (ناک کے اُلٹے سُوراخ) سے ایک پرندہ نکالتا ہے جو کہتا ہے اے اللہ پاک! اِس کہنے والے کی مغفرت فرما۔ (القول البدیع، ص424)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم: جس نے چھینک آنے پر یہ کہا:

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ مِنۡ حَالٍ وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَھۡلِ بَیۡتِہٖ۔ تو اللہ پاک اُس کے بائیں نتھنے (یعنی ناک کے اُلٹے سُوراخ) سے ایک پرندہ نکالتا ہے جو کہتا ہے: ”اے اللہ پاک! اِس کہنے والے کی مغفرت فرما۔“

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد




# رحمت کے دروازے کُھل جائیں گے

اِذَا فَرَغَ اَحَدُكُمْ مِنْ طُهُوْرِهٖ فَلْيَقُلْ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَيَّ فَاِذَا قَالَ ذٰلِكَ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”جب تم میں سے کوئی وضو سے فارغ ہو تو: ”اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ رَسُوْلُهٗ“ پڑھے پھر مجھ پر دُرودِ شریف پڑھے جب وہ یہ پڑھے گا اُس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔“

(القول البدیع، ص342)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم۔ ”جب تم میں سے کوئی وُضو سے فارغ ہوتو: ”اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ“ پڑھے پھر مجھ پر دُرودِ شریف پڑھے، جب وہ یہ پڑھے گا اُس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔“



صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علیٰ محمّد



# دُرودِ پاک لکھنے کی فضیلت

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ کِتَابٍ کَتَبَ اللہُ لَهٗ عَلٰی مَرِّ الْاَیَّامِ فَضْلَ الصَّلَاۃِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے کتاب میں مجھ پر دُرُودِ پاک لکھا، اللہ پاک اُس کے لئے گزرے ہوئے دنوں کے بدلے دُرُودِ پاک کا ثواب لکھے گا۔“

(المجالس الوعظیۃ للسفیری، 1 / 79)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”جس نے کتاب میں مجھ پر دُرُودِ پاک لکھا، اللہ پاک اُس کیلئے گزرے ہوئے دنوں کے بدلے دُرُودِ پاک کا ثواب لکھے گا۔“

صلوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمد

SCAN ME



# اعلیٰ دَرَجات پانے کا ذریعہ

اِنَّ اللہَ تَعَالٰی جَعَلَ لِاُمَّتِیْ فِی الصَّلَاۃِ عَلَیَّ اَفْضَلَ الدَّرَجَاتِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”بے شک اللہ پاک نے میری اُمّت کے لئے مجھ پر دُرودِ پاک پڑھنے کے بدلے اعلیٰ درجات رکھے ہیں۔“ (کَشْفُ الْغُمَّہ، 1/326)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلّم:
”بے شک اللہ پاک نے میری اُمّت کیلئے مجھ پر
دُرودِ پاک پڑھنے کے بدلے اعلیٰ درجات رکھے ہیں۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمّد

اللہ

# منافقت سے پاک دل

مَنْ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ طَهُرَ قَلْبُهُ مِنَ النِّفَاقِ كَمَا يُطَهِّرُ الثَّوْبَ الْمَاءُ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) پر جو درودِ پاک پڑھے اُس کا دل مُنافقت سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسے کپڑا پانی سے پاک ہو جاتا ہے۔“

(کشف الغمہ، 1/327۔ القول البدیع، ص277)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم:

"محمد (صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم) پر جو درودِ پاک پڑھے اُس کا دل مُنافقت سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسے کپڑا پانی سے پاک ہو جاتا ہے۔"

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد



SCAN ME

اللہ

# لوگوں کے دِلوں میں مَحبّت پیدا ہو گی

مَنْ قَالَ: ”صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ“ فَقَدْ فَتَحَ عَلٰى نَفْسِهٖ سَبْعِيْنَ بَابًا مِّنَ الرَّحْمَةِ وَ اَلْقٰى مَحَبَّتَهٗ فِيْ قُلُوْبِ النَّاسِ فَلَا يُبْغِضُهٗ اِلَّا مَنْ فِيْ قَلْبِهٖ نِفَاقٌ

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: جو کہے: صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ اس نے 70 دروازے رحمت کے اپنے اوپر کھول لیے، اللہ پاک اُس کی محبّت لوگوں کے دلوں میں ڈالے گا کہ اُس سے بغض نہ رکھے گا مگر وہ جس کے دل میں نفاق ہو گا۔ (کَشْفُ الْغُمَّہ، 1/327)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: جو کہے: صلی اللہ علیٰ محمد اس نے 70 دروازے رحمت کے اپنے اوپر کھول لیے اللہ پاک اُس کی محبّت لوگوں کے دلوں میں ڈالے گا کہ اُس سے بُغض نہ رکھے گا مگر وہ جس کے دل میں نِفاق ہو گا۔

اللہ

# اَسّی سال کی عبادت

مَنْ صَلّٰی صَلَاۃَ الْعَصْرِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَّقُوْمَ مِنْ مَّقَامِہٖ: "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْماً" ثَمَانِیْنَ مَرَّۃً غُفِرَتْ لَہُ ذُنُوْبُ ثَمَانِیْنَ عَامًا وَ کُتِبَتْ لَہُ عِبَادَۃُ ثَمَانِیْنَ سَنَۃً

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "جس نے جُمعہ کے دن نمازِ عَصر ادا کی پھر اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے 80 بار یہ دُرود شریف پڑھا: "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا" تو اس کے 80 برس کے گناہ بخشے جاتے اور اُس کے لئے 80 سال کی عبادت لکھی جاتی ہے۔" (اَفْضَلُ الصَّلَوَاتِ لِلنَّبْھَانِی، ص 25)




فرمانِ آخری نبی صلَّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: جس نے جُمعہ کے دن نمازِ عَصر ادا کی پھر اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے ۸۰ بار یہ دُرود شریف پڑھا:

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا" تو اُس کے ۸۰ برس کے گناہ بخشے جاتے اور اس کے لیے ۸۰ سال کی عبادت لکھی جاتی ہے۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علیٰ محمد



# جہنّم کی آگ سے آزادی

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ مِائَۃَ مَرَّۃٍ قَضَی اللهُ لَهُ مِائَۃَ حَاجَۃٍ اَیْسَرُهَا عِتْقُهُ مِنَ النَّارِ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جو شخص مجھ پر روزانہ 100 بار دُرودِپاک پڑھے گا، اللہ پاک اُس کی 100 ضرورتیں پوری کرے گا، جن میں سب سے آسان اُس کی جَہَنَّم کی آگ سے آزادی ہے۔

(اَفْضَلُ الصَّلَوات لِلنَّبہانی، ص 21)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم:

جو شخص مجھ پر روزانہ ۱۰۰ بار دُرودِ پاک پڑھے گا، اللہ پاک اُس کی ۱۰۰ ضرورتیں پوری کرے گا، جن میں سب سے آسان اُس کی **جہنّم کی آگ سے آزادی** ہے۔

(رات تقریباً تین بج کر ۱۷ منٹ)

صلوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمّد
وعلٰی اٰلہٖ واصحٰبہٖ
وبارک وسلّم

اللّٰہ

# جنّت میں جگہ دیکھ لے گا

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ اَلْفَ مَرَّةٍ، لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَرٰی مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”مجھ پر جو جُمعے کے دن ہزار بار دُرودِ پاک پڑھے گا وہ اُس وقت تک نہیں مرے گا جب تک جنّت میں اپنی جگہ نہ دیکھ لے۔“

(اَفْضَلُ الصَّلَوَاتِ لِلنَّبہانی، ص 25)

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”مجھ پر جو جُمعے کے دن ہزار بار دُرودِ پاک پڑھے گا وہ اُس وقت تک نہیں مرے گا جب تک جنّت میں اپنی جگہ نہ دیکھ لے۔“



SCAN ME



## سب سے زیادہ حوریں کس کیلئے؟

## اَکْثَرُکُمْ اَزْوَاجًا فِی الْجَنَّةِ اَکْثَرُکُمْ صَلَاةً عَلَیَّ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "جنّت میں سب سے زیادہ حُوریں اُس شخص کو ملیں گی جو مجھ پر سب سے زیادہ دُرُود پڑھنے والا ہو گا۔" (اَفْضَلُ الصَّلَوَاتِ لِلنَّبھانی، ص 25)

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "جنّت میں سب سے زیادہ حُوریں اُس شخص کو ملیں گی جو مجھ پر سب سے زیادہ دُرود پڑھنے والا ہو گا۔"

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد


اللہ

# کبھی عذاب نہیں دیتا

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَیَنْظُرُ اِلٰی مَنْ یُّصَلِّیْ عَلَیَّ وَمَنْ نَظَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِلَیْہِ لَا یُعَذِّبُہٗ اَبَدًا

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جو شخص مجھ پر دُرود شریف پڑھتا ہے اللہ پاک اُس پر نظرِ رحمت فرماتا ہے اور جس پر اللہ پاک نظرِ رحمت فرمائے اُسے کبھی عذاب نہیں دیتا۔“ (اَفْضَلُ الصَّلَوَاتِ لِلنَّبہانی، ص 40)

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”جو شخص مجھ پر دُرود شریف پڑھتا ہے، اللہ پاک اُس پر نظرِ رحمت فرماتا ہے اور جس پر اللہ پاک نظرِ رحمت فرمائے اُسے کبھی عذاب نہیں دیتا۔“



صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علیٰ محمّد



اللہ

# باعثِ مغفرت دُرود شریف

اِنَّ مَنْ قَالَهَا وَكَانَ قَائِمًا غُفِرَ لَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّقْعُدَ وَاِنْ كَانَ قَاعِدًا غُفِرَ لَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْمَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے یہ دُرُودِ پاک پڑھا:
”اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ“ اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے
اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اُس کی مغفِرت کر دی جائے گی۔“

(سعادۃ الدارین، ص244)

فرمانِ آخری نبی صلَّی اللہ علیہ وسلَّم: ”جس نے یہ دُرودِ پاک پڑھا:
”اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ“ اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے
پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اُس کی مغفِرت کر دی جائے گی۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد


ہفت وار رسالہ: 317
WEEKLY BOOKLET:317
تحریرات امیر اہل سنت، قسط: 3
اربعینِ عطّار
امیر اہل سنت کے قلم شریف سے لکھی ہوئی
40 احادیثِ مبارکہ
الحمدللہ اس رسالے میں امیر اہل سنت کی تقریباً 34 سال
پرانی تحریر بھی شامل ہے
پیشکش:
المدینۃ العلمیۃ
Islamic Research Center

## درودِ پاک دعا ہے

ارشادِ اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ: بے شک دُرُود سَرورِ عالَم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے لیے دعا ہے اور جس قدر اس کے فوائد و بَرَکات مُصَلِّی (یعنی درود شریف پڑھنے والے) پر عائد ہوتے ہیں ہرگز اپنے لیے دعا میں نہیں بلکہ اُن کے لیے دعا تمام اُمّتِ مرحومہ کے لئے دعا ہے کہ سب انہیں کے دامنِ دولت سے وابستہ ہیں۔

(فضائلِ دعا، ص 230)

978-969-722-708-2
01082516

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net